بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

الہدیٰ

طبع باردوم

تعداد پانچہزار

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

الھدیٰ

طبع باردوم

تعداد پانچہزار

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

عسیٰ ان یبعثک ربک مقاماً محموداً

ومبشراً برسول یاتی من بعدی اسمہ احمد

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

ھو الذی ارسل رسولہ بالھدیٰ ودین الحق لیظھرہ علی الدین کلہ

الھدیٰ

مرتبہ مکرم حضرت مولوی عبدالرحیم صاحب درد رضی ایم اے

ناشر

نظارت دعوۃ و تبلیغ قادیان

مطبوعہ تاج پریس یوسف بازار حیدرآباد

نونہالانِ جماعت سے خطاب

از حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح ثانی ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز

نونہالانِ جماعت مجھے کچھ کہنا ہے　　پر ہے یہ شرط کہ ضائع مرا پیغام نہ ہو

چاہتا ہوں کہ کروں چند نصائح تم کو　　تاکہ پھر بعد میں مجھ پر کوئی الزام نہ ہو

جب گذر جائیں گے ہم تم پہ پڑیگا سب بار　　سستیاں ترک کرو طالبِ آرام نہ ہو

خدمتِ دین کو اک فضلِ الٰہی جانو　　اس کے بدلے میں کبھی طالبِ انعام نہ ہو

دل میں ہو سوز تو آنکھوں سے رواں ہوں آنسو　　تم میں اسلام کا ہو مغز فقط نام نہ ہو

سر میں نخوت نہ ہو آنکھوں میں نہ ہو برقِ غضب　　دل میں کینہ نہ ہو لب پہ کبھی دشنام نہ ہو

خیر اندیشیِ احباب رہے مدّ نظر　　عیب چینی نہ کرو مفسد و نمّام نہ ہو

چھوڑ دو حرص کرو زہد و قناعت پیدا　　زر نہ محبوب بنے سیم دل آرام نہ ہو

رغبت دل سے ہو پابند نماز و روزہ　　نظر انداز کوئی حصۂ احکام نہ ہو

پاس ہو مال تو دو اس سے زکوٰۃ و صدقہ　　فکر مسکین رہے تم کو غم ایام نہ ہو

حُسن اس کا نہیں کھلتا تمہیں یہ یاد رہے　　دوشِ مسلم پہ اگر چادرِ احرام نہ ہو

عادتِ ذکر بھی ڈالو کہ یہ ممکن ہی نہیں　　دل میں ہو عشقِ صنم لب پہ مگر نام نہ ہو

عقل کو دین پہ حاکم نہ بناؤ ہرگز　　یہ تو خود اندھی ہے گر نیّرِ الہام نہ ہو

جو صداقت بھی ہو تم شوق سے مانو اس کو　　علم کے نام سے تم تابعِ اوھام نہ ہو

(بقیہ نظم آخری ٹائیٹل پیج پر)

شکریہ

اس کتاب کی طباعت کے کل اخراجات اراکین مجلس
خدام الاحمدیہ شیموگہ علاقہ میسور اسٹیٹ نے ادا کئے ہیں
جزاہم اللہ احسن الجزاء اللہ تعالےٰ ان کو زیادہ سے
زیادہ خدمت دین کی توفیق عطا فرمائے۔

خاکسار

مرزا وسیم احمد

ناظر دعوۃ و تبلیغ صدر انجمن احمدیہ

قادیان (پنجاب)

بسم اللہ الرحمن الرحیم　　نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

شرائط بیعت سلسلہ احمدیہ

اوّل۔ بیعت کنندہ سچے دل سے عہد اس بات کا کر لیوے کہ آئندہ اس وقت تک کہ قبر میں داخل ہو جائے۔ شرک سے مجتنب رہیگا۔ دوم۔ یہ کہ جھوٹ اور زنا اور بدنظری اور فسق و فجور اور ظلم اور خیانت اور فساد اور بغاوت کے طریقوں سے بچتا رہے گا۔ اور نفسانی جوشوں کے وقت ان کا مغلوب نہ ہوگا۔ اگرچہ کیسا ہی جذبہ پیش آوے۔ سوئم۔ یہ کہ بلاناغہ پنجوقت نماز موافق حکم خدا اور رسول کے ادا کرتا رہے گا۔ اور حتی الوسع نماز تہجد کے پڑھنے اور اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے اور ہر روز اپنے گناہوں کی معافی مانگنے اور استغفار کرنے میں مداومت اختیار کرے گا۔ اور دلی محبت سے اللہ تعالےٰ کے احسانوں کو یاد کر کے اس کی حمد اور تعریف کو ہر روز اپنا ورد بنائے گا۔ چہارم۔ یہ کہ عام خلق اللہ کو عموماً اور مسلمانوں کو خصوصاً اپنے نفسانی جوشوں سے کسی نوع کی ناجائز تکلیف نہ دے گا۔ نہ زبان سے نہ ہاتھ سے نہ کسی اور طرح سے۔ پنجم۔ یہ کہ ہر حال رنج و راحت عسر و یسر اور نعمت و بلا میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ وفاداری کریگا۔ بہر حالت راضی بقضاء ہوگا اور ہر ایک ذلت اور دکھ کے قبول کرنے کے لئے اس کی راہ میں تیار رہیگا اور کسی مصیبت کے وارد ہونے پر اس سے منہ نہ پھیرے گا۔ بلکہ قدم آگے بڑھائیگا۔ ششم۔ یہ کہ اتباع رسم اور متابعت ہوا و ہوس سے باز

آجائیگا۔ اور قرآن شریف کی حکومت کو بکلّی اپنے اوپر قبول کریگا۔ اور قال اللہ وقال الرسول کو اپنی ہر ایک راہ میں دستور العمل قرار دیگا۔ **ہفتم** ۔ یہ کہ تکبر اور نخوت کو بکلّی چھوڑ دیگا۔ اور فروتنی اور عاجزی اور خوش خلقی اور حلیمی اور مسکینی سے زندگی بسر کریگا۔ **ہشتم** ۔ یہ کہ دین اور دین کی عزت اور ہمدردی اسلام کو اپنی جان اور مال اور اپنی اولاد اور اپنے ہر ایک عزیز سے عزیز تر سمجھیگا۔ **نہم** ۔ یہ کہ عام خلق اللہ کی ہمدردی میں محض لِلّٰہ مشغول رہیگا۔ اور جہانتک بس چل سکتا ہے اپنی خداداد طاقتوں اور نعمتوں سے بنی نوع کو فائدہ پہنچائیگا۔ **دہم** ۔ یہ کہ اس عاجز سے عقد اخوت محض لِلّٰہ باقرار اطاعت در معروف باندھ کر اس پر تا وقت مرگ قائم رہیگا۔ اور اس عقد اخوت میں ایسا اعلیٰ درجہ کا ہوگا کہ اس کی نظیر دنیوی رشتوں اور ناطوں اور تمام خادمانہ حالتوں میں پائی نہ جاتی ہو۔

احمدیہ جماعت کے عقائد

۱۔ اللہ تعالیٰ ایک ہے کوئی شخص اس کی ذات یا اس کی صفات یا اس کے اسماء یا اس کی عبادت میں نہ اس کا شریک ہے نہ شریک ہو سکتا ہے۔

۲۔ ملائکہ کا وجود برحق ہے۔ ۳۔ خدائے تعالیٰ قدیم سے اپنے بندوں کی ہدایت کے لئے ہر ملک اور ہر قوم میں نبی مبعوث فرماتا رہا ہے۔ اور ہم سب نبیوں کی صداقت کے قائل ہیں جن نبیوں یا کتب کا قرآن میں ذکر ہے ان پر فرداً فرداً اور جن کا ذکر نہیں۔ ان پر بحیثیت مجموعی ایمان رکھتے ہیں

۴۔ ہماری کتاب قرآن کریم اور ہمارا نبی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جو خاتم النبیین ہیں۔ ۵۔ الہام کا دروازہ ہمیشہ سے کھلا ہے۔ اور

ہمیشہ کھلا رہیگا۔ خدائے تعالیٰ کی کوئی صفت معطل نہیں ہوتی جیسا وہ پہلے بولتا تھا۔ اب بھی اپنے نیک بندوں سے کلام کرتا ہے۔ اور کرتا رہے گا۔

۶۔ ہمارا ایمان ہے کہ قرآن کریم کا بیان کردہ مسئلہ تقدیر حق ہے۔ اور یہ بھی کہ اللہ تعالیٰ دعاؤں کو سنتا اور قبول کرتا ہے۔ اور دعاؤں سے عظیم الشان امور حل ہو سکتے ہیں۔ ۷۔ بعث بعد الموت کے ہم قائل ہیں۔ اور ہمارا یقین ہے کہ دوزخ و جنت اپنی تمام کیفیات سمیت جو قرآن کریم و احادیث میں مذکور ہیں حق ہیں۔ اور یہ کہ حشر کے دن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم شفیع ہوں گے

۸۔ ہمارا یقین ہے کہ جس شخص کی آمد کی انبیائے سابقین نے مختلف ناموں سے خبر دی تھی۔ اور قرآن کریم نے سورۂ جمعہ میں وَّاٰخَرِیْنَ مِنْهُمْ لَمَّا یَلْحَقُوْا بِهِمْ میں جس کی آمد کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی بعثت ثانیہ فرمایا ہے۔ اور جس کا نام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مسیح نبی اللہ اور مہدی رکھا ہے وہ حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی ہی ہیں۔ اور آپ کے سوا کوئی اور شخص مسیح موعود نہیں۔ ۹۔ ہمارا یقین ہے کہ قرآن کریم ایک مکمل کتاب ہے جس کے بعد کسی اور نئی شریعت کی قیامت تک ضرورت نہیں۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تمام انبیاء کے کمالات کے جامع ہیں۔ اور آپ کے بعد کوئی شخص سوائے آپ کی کامل اطاعت اور آپ کی شاگردی کے اعلیٰ کمالات حاصل کرنے تو الگ رہے۔ مومن بھی نہیں ہو سکتا۔ پس ہم اس بات کے ہرگز قائل نہیں کہ کوئی شخص پچھلے نبیوں میں سے دوبارہ اس دنیا میں بھیجا جائے۔ کیونکہ اس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قوت قدسیہ میں کمزوری ماننی پڑتی ہے۔ بلکہ ہمارا یہ یقین ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی امت میں سے آپ کے ہی فیض سے امت محمدیہ کی اصلاح کیلئے ایسے آدمی پیدا ہوتے رہے ہیں

اور رہیں گے جنھوں نے معرفت کے اعلیٰ درجے حاصل کئے ہوں گے۔ حتیٰ کہ آپ کی قوت قدسیہ کے اثر سے ایک شخص نبوت کا درجہ بھی پا سکتا ہے لیکن آپ کے بعد کوئی ایسا نبی نہیں آسکتا جو کوئی نئی کتاب لائے۔ یا جس نے نبوت کا درجہ براہ راست بلا اتباع آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پایا ہو کیونکہ اس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت تامہ کاملہ کی ہتک ہے اور یہی ختم نبوت کے معنے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ ایک طرف تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لانبی بعدی فرمایا ہے۔ اور دوسری طرف آنیوالے مسیح کو نبی اللہ کہکر یاد فرمایا ہے جس کے مطابق ہمارا ایمان ہے کہ امّت محمدیہ میں سے ایک شخص مسیح موعود نے اتباع آنحضرت صلعم میں درجہ نبوت حاصل کیا ہے۔ ۱۰۔ ہم معجزات انبیاء کے قائل ہیں جن کا اصل نام قرآن کریم کے محاورہ کے مطابق آیات اللہ ہے۔ اور ہمارا ایمان ہے کہ خدائے تعالیٰ ہمیشہ اپنے جلال کے اظہار اور اپنے مرسلوں کی صداقت کے اثبات کے لئے اپنے رسول کے ہاتھ پر ایسے نشانات دکھاتا ہے جو انسانی طاقت سے بالا ہوتے ہیں۔

احمدی جماعت کا فرض

احمدی جماعت نہ تو کوئی انجمن ہے اور نہ کوئی مذہب ہے بلکہ احمدی جماعت سے مراد وہ جماعت مسلمین ہے جنھوں نے حضرت مسیح موعودؑ کے ذریعہ ہدایت پاکر اس حقیقی اسلام کو قبول کیا ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ دنیا تک پہنچایا گیا تھا۔ اور جس نے خدائے تعالےٰ کے آخری مامور حضرت مسیح موعودؑ کے کل دعوؤں کو قبول کر لیا ہے۔ پس ہر ایک احمدی کے

وہی فرض ہیں جو ایک مسلمان کے قرآن کریم نے مقرر فرمائے ہیں۔ اور جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ اور صحابہؓ کے طریق عمل سے ثابت ہیں۔ قرآن کریم پر عمل کرنا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عمل اور آپکے قول کی پیروی کرنا ہر ایک احمدی کے فرائض کا خلاصہ ہے۔ لیکن چونکہ اسلام نے مسلم کے سب سے بڑے فرائض میں سے ایک تبلیغ حق بھی رکھا ہے۔ بلکہ امّت اسلام کی دوسری امّتوں پر فضیلت ہی یہ بیان فرمائی ہے کہ مسلمان لوگوں کو حق کی دعوت کرتے اور اچھی باتوں کا حکم دیتے اور بُری باتوں سے روکتے ہیں۔ اور یہی بات اسلام کے ابتدائی زمانہ میں اس کی ترقی کا باعث تھی۔ اس لئے حضرت مسیح موعودؑ نے اس امر کی طرف احمدی جماعت کو خاص طور پر توجہ دلائی ہے۔ اور اس کام کے کرنے کی جماعت کو خاص تاکید فرمائی ہے۔ اور ہر ایک احمدی کا فرض رکھا ہے کہ وہ اشاعت اسلام کے لئے اپنی ماہوار آمدنی سے کچھ نہ کچھ رقم ماہوار قادیان بھیجتا رہے۔ جو ہمیشہ ان طریقوں کے مطابق جو حضرت مسیح موعودؑ نے مقرر فرمائے ہیں خدمت دین میں خرچ ہوتی ہے۔ پس ہر ایک احمدی کو اپنے پر فرض کر لینا چاہئے کہ وہ اپنے مال کا ایک حصہ ضروریات سلسلہ احمدیہ کیلئے قادیان میں ارسال کرتا رہے جس کی تعداد کوئی مقرر نہیں۔ اس کی تعیین ہر انسان کی حیثیت اور اس کے اخلاص پر چھوڑ دی گئی ہے خواہ زیادہ ہو خواہ کم ہر ذی اخلاص شرح صدر سے جس قدر ہو سکے مدد کرے۔ بعض دوست اپنے اخلاص کی وجہ سے دسواں حصہ بلکہ اس سے زیادہ حصہ آمدنی کا بھی دین کی مدد کیلئے خرچ کرتے ہیں

سلسلہ احمدیہ کا انتظام

جیسا کہ اللہ تعالیٰ کی قدیم سے سنت چلی آتی ہے کہ وہ اپنے مرسلوں کے بعد

اپنی قائم کردہ جماعت کی حفاظت کیلئے خلفاء کا سلسلہ چلاتا ہے۔ اس وقت بھی اس نے خلفاء کا سلسلہ چلایا ہے کیونکہ پراگندہ جماعت کبھی کسی کام کے قابل نہیں مسلمانوں سے جس وقت سے سلسلہ خلافت اٹھا ہے۔ اسی وقت سے ان کا قدم تنزل کی طرف بڑھنا شروع ہوا ہے۔ پس جماعت کے اتحاد کو قائم رکھنے اور اسکی طاقتوں کو مجموعی حیثیت سے دین اسلام کی ترقی کیلئے خرچ کرنے کیلئے اس جماعت میں بھی خلافت کا سلسلہ قائم ہے۔ اور ہمارا ایمان ہے کہ خلفاء جیسا کہ سورۂ نور میں مذکور ہے۔ اللہ تعالیٰ ہی مقرر فرماتا ہے تمام جماعت احمدیہ کا فرض ہے کہ جب تک اللہ تعالیٰ ان کو اپنے فضل سے متمتع کرے پے درپے ایک خلیفہ کے ہاتھ پر بیعت کریں۔ کل نومبایعین بھی اسی کے ہاتھ پر یا اس کے مقرر کردہ قائم مقاموں کے ہاتھ پر بیعت کرتے ہیں لیکن جو آدمی کہ فوراً قادیان نہ آسکے وہ تحریری بیعت بھی کر سکتا ہے۔ خلیفۃ المسیح کے ماتحت سلسلہ احمدیہ کے متفرق کاموں کیلئے اس وقت دو انجمنیں ہیں۔ ایک صدر انجمن احمدیہ اور ایک انجمن ترقی اسلام۔ صدر انجمن احمدیہ تمام انتظامی اور تعلیمی ضروریات سلسلہ کو بموجب ہدایات حضرت مسیح موعود خلیفۂ وقت کے مشورہ کے ماتحت پورا کرنے میں کوشاں رہتی ہے۔ قادیان میں آنیوالے مہمانوں دنیاوی اور دینی تعلیم کے اسکولوں مقبرۂ بہشتی اور رسالہ ریویو آف ریلیجنز کا انتظام سردست اس انجمن کے بڑے بڑے کام ہیں۔ چونکہ اشاعت اسلام خاص توجہ چاہتی ہے۔ اس لئے اس کا زیادہ تر کام انجمن ترقی اسلام کی زیر نگرانی ہوتا ہے۔ دوست جو چندہ بھیجتے ہیں اس کی تقسیم کر کے لکھدیتے ہیں کہ صدر انجمن احمدیہ کو اس میں سے اس قدر اور ترقی اسلام کو اس قدر دیا جائے۔ زکوٰۃ کا کل روپیہ بیت المال میں جمع ہونا چاہئے اس لئے جن پر زکوٰۃ فرض ہے وہ اپنا روپیہ قادیان بھیجتے ہیں۔ جو سردست انجمن

ترقی اسلام میں جمع ہو کر خلیفۂ وقت کی ہدایات کے ماتحت خرچ ہوتا ہے چونکہ جماعت کی ترقی کیلئے مرکز کے ساتھ تعلق قائم رکھنا ضروری ہے۔ اس لئے حسب ارشاد حضرت مسیح موعود ہر سال دسمبر کے آخری ہفتہ میں قادیان میں ایک سالانہ جلسہ ہوتا ہے جسمیں چاروں اطراف سے دوست جمع ہوتے ہیں اور ایمانی اور تبلیغی ترقی کی کوشش کیجاتی ہے۔ اس میں بھی تمام جماعت کو شامل ہونے کی کوشش کرنی چاہئے۔ علاوہ ازیں اتحاد کی ترقی کے لئے وقتاً فوقتاً احباب قادیان آنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں اور وقتاً فوقتاً خلیفۂ وقت کو اپنے حالات سے اطلاع دیتے رہتے ہیں جس سے ایک تو دعا کی تحریک ہوتی ہے۔ اور دوسرے تمام افراد سلسلہ کے حالات سے آگاہی رہتی ہے۔ حضرت مسیح موعودؑ کے اول خلیفہ حضرت مولانا مولوی نورالدین صاحبؓ تھے اور اس وقت حضرت صاحبزادہ مرزا بشیرالدین محمود احمد ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ہیں۔

نو احمدیوں کیلئے بعض ضروری ہدایات

چونکہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے مرسل تھے۔ اور خدائے تعالیٰ کے مرسلوں کا انکار ایک ایسی خطرناک جرأت ہے جو انسان کو ایمان سے محروم کر دیتی ہے۔ اس لئے بموجب فیصلہ قرآن وحدیث خاتم النبیین وارشاد مسیح موعودؑ ہر ایک احمدی کا فرض ہے کہ وہ فریضۂ نماز صرف احمدی امام کی اقتداء میں پڑھے اور جہاں احمدی امام نہ ملے وہاں علیحدہ پڑھ لے اور اللہ تعالےٰ سے دعا کرے کہ وہ اس کے ساتھ ایک جماعت بنادے کیونکہ مومن اکیلا نہیں رہتا۔ اسی طرح غیر احمدیوں کے ساتھ اپنی لڑکیوں کا رشتہ کرنا منع ہے۔ کیونکہ عورت مرد سے متاثر ہوتی ہے پس ایسا نکاح گویا ایک شخص کو مرتد کرنا ہے۔ اسیطرح غیر احمدیوں کا جنازہ پڑھنا بھی درست نہیں۔ کیونکہ جو شخص مسیح موعودؑ کی مخالفت یا اس کے انکار پر فوت ہوا ہے۔ اس کیلئے خدائے تعالیٰ سے ایک دشمن حق کی سفارش ہے۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ تو منافقوں کے جنازہ سے منع فرماتا ہے۔ پھر ماموریت اللہ کے منکر کا جنازہ کس طرح درست ہو سکتا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

تعلیم

واضح رہے کہ صرف زبان سے بیعت کا اقرار کرنا کچھ چیز نہیں ہے جب تک دل کی عزیمت سے اس پر پورا پورا عمل نہ ہو۔ پس جو شخص میری تعلیم پر پورا پورا عمل کرتا ہے۔ وہ اُس میرے گھر میں داخل ہو جاتا ہے جس کی نسبت خدا تعالیٰ کی کلام میں یہ وعدہ ہے 'انی احافظ کل من فی الدار یعنی ہر ایک جو تیرے گھر کی چاردیوار کے اندر ہے۔ میں اس کو بچاؤں گا۔ اس جگہ یہ نہیں سمجھنا چاہیئے کہ وہی لوگ میرے گھر کے اندر ہیں جو میرے اس خاک و خشت کے گھر میں بود و باش رکھتے ہیں بلکہ وہ لوگ بھی جو میری پوری پیروی کرتے ہیں۔ میرے روحانی گھر میں داخل ہیں۔

پیروی کرنے کے لئے یہ باتیں ہیں کہ وہ یقین کریں کہ ان کا ایک قادر اور قیوم اور خالق الکل خدا ہے جو اپنی صفات میں ازلی ابدی اور غیر متغیر ہے نہ وہ کسی کا بیٹا نہ کوئی اس کا بیٹا وہ دکھ اٹھانے اور صلیب پر چڑھنے اور مرنے سے پاک ہے۔ وہ ایسا ہے کہ باوجود

دُور ہونے کے نزدیک ہے۔ اور باوجود نزدیک ہونے کے وہ دُور ہے اور باوجود ایک ہونے کے اس کی تجلیات الگ الگ ہیں۔ انسان کی طرف سے جب ایک نئے رنگ کی تبدیلی ظہور میں آوے تو اس کے لئے وہ ایک نیا خدا بن جاتا ہے۔ اور ایک نئی تجلّی کے ساتھ اس سے معاملہ کرتا ہے۔ اور انسان بقدر اپنی تبدیلی کے خدا میں بھی تبدیلی دیکھتا ہے۔ مگر یہ نہیں کہ خدا میں کچھ تغیر آ جاتا ہے۔ بلکہ وہ ازل سے غیر متغیر اور کمال تام رکھتا ہے لیکن انسانی تغیرات کے وقت جب نیکی کی طرف انسان کے تغیر ہوتے ہیں تو خدا بھی ایک نئی تجلّی سے اس پر ظاہر ہوتا ہے اور ہر ایک ترقی یافتہ حالت کے وقت جو انسان سے ظہور میں آتی ہے خدا تعالیٰ کی قادرانہ تجلّی بھی ایک ترقی کے ساتھ ظاہر ہوتی ہے۔ وہ خارق عادت قدرت اسی جگہ دکھلاتا ہے جہاں خارق عادت تبدیلی ظاہر ہوتی ہے۔ خوارق اور معجزات کی یہی جڑ ہے۔ یہ خدا ہے جو ہمارے سلسلہ کی شرط ہے۔ اس پر ایمان لاؤ اور اپنے نفس پر اور اپنے آراموں پر اور اس کے کُل تعلقات پر اس کو مقدم رکھو۔ اور عملی طور پر بہادری کے ساتھ اس کی راہ میں صدق و وفا دکھلاؤ۔ دنیا اپنے اسباب اور اپنے عزیزوں پر اس کو مقدم نہیں رکھتی۔ مگر تم اس کو مقدم رکھو۔ تا تم آسمان پر اس کی جماعت لکھے جاؤ۔ رحمت کے نشان دکھلانا قدیم سے خدا کی عادت ہے۔ مگر تم اس حالت میں اس عادت سے حصہ لے سکتے ہو۔ کہ تم میں اور اس میں کچھ جدائی نہ رہے۔ اور تمہاری مرضی اس کی مرضی اور تمہاری خواہشیں اس کی خواہشیں ہو جائیں اور تمہارا سر ہر ایک وقت اور ہر ایک حالت مرادیابی اور نامرادی

میں اس کے آستانہ پر پڑا رہے تا جو چاہے سو کرے۔ اگر تم ایسا کرو گے
تو تم میں وہ خدا ظاہر ہوگا۔ جس نے مدت سے اپنا چہرہ چھپا لیا ہے
کیا کوئی تم میں ہے جو **اس پر عمل کرے** اور اس کی رضا کا طالب
ہو جائے۔ اور اس کی قضا و قدر پر ناراض نہ ہو۔ سو تم مصیبت کو دیکھ کر
اور بھی قدم آگے رکھو کہ یہ تمہاری ترقی کا ذریعہ ہے۔ اور اس کی توحید
زمین پر پھیلانے کے لئے اپنی تمام طاقت سے کوشش کرو۔ اور
اس کے بندوں پر رحم کرو اور ان پر زبان یا ہاتھ یا کسی تدبیر سے
ظلم نہ کرو۔ اور مخلوق کی بھلائی کے لئے کوشش کرتے رہو۔ اور کسی پر
تکبر نہ کرو۔ گو اپنا ماتحت ہو۔ اور کسی کو گالی مت دو۔ گو وہ گالی دیتا
ہو۔ غریب اور حلیم اور نیک نیت اور مخلوق کے ہمدرد بن جاؤ۔
تا قبول کئے جاؤ۔ بہت ہیں جو حلم ظاہر کرتے ہیں۔ مگر وہ اندر سے
بھیڑئے ہیں۔ بہت ہیں جو اوپر سے صاف ہیں مگر اندر سے سانپ
ہیں۔ سو تم اس کی جناب میں قبول نہیں ہو سکتے۔ جب تک ظاہر و
باطن ایک نہ ہو۔ بڑے ہو کر چھوٹوں پر رحم کرو۔ نہ ان کی تحقیر۔
اور عالم ہو کر نادانوں کو نصیحت کرو۔ نہ خود نمائی سے ان کی تذلیل۔
اور امیر ہو کر غریبوں کی خدمت کرو۔ نہ خود پسندی سے ان پر تکبّر۔
ہلاکت کی راہوں سے ڈرو۔ خدا سے ڈرتے رہو۔ اور تقویٰ اختیار کرو
اور مخلوق کی پرستش نہ کرو۔ اور اپنے مولیٰ کی طرف منقطع ہو جاؤ
اور دنیا سے دل برداشتہ رہو اور اسی کے ہو جاؤ۔ اور اسی کیلئے
زندگی بسر کرو۔ اور اس کے لئے ہر ایک ناپاکی اور گناہ سے نفرت کرو
کیونکہ وہ پاک ہے۔ چاہیئے کہ ہر ایک صبح تمہارے لئے گواہی دے کہ

تم نے تقویٰ سے رات بسر کی اور ہر ایک شام تمہارے لئے گواہی دے
کہ تم نے ڈرتے ڈرتے دن بسر کیا۔ دنیا کی لعنتوں سے مت ڈرو کہ
وہ دھوئیں کی طرح دیکھتے دیکھتے غائب ہو جاتی ہیں۔ اور وہ دن کو
رات نہیں کر سکتیں۔ بلکہ تم خدا کی لعنت سے ڈرو جو آسمان سے
نازل ہوتی اور جس پر پڑتی ہے اس کی دونوں جہانوں میں بیخ کنی
کر جاتی ہے۔ تم ریاکاری کے ساتھ اپنے تئیں بچا نہیں سکتے۔ کیونکہ
وہ خدا جو تمہارا خدا ہے۔ اس کی انسان کے پاتال تک نظر ہے
کیا تم اس کو دھوکا دے سکتے ہو۔ پس تم سیدھے ہو جاؤ اور صاف
ہو جاؤ۔ اور پاک ہو جاؤ۔ اور کھرے ہو جاؤ۔ اگر ایک ذرّہ تیرگی
تم میں باقی ہے تو وہ تمہاری ساری روشنی کو دور کر دے گی۔ اور اگر
تمہارے کسی پہلو میں تکبر ہے یا ریا ہے یا خود پسندی ہے یا کسل ہے
تو تم ایسی چیز نہیں ہو کہ جو قبول کے لائق ہو۔ ایسا نہ ہو کہ تم صرف
چند باتوں کو لے کر اپنے تئیں دھوکہ دو کہ جو کچھ ہم نے کرنا تھا
کر لیا ہے۔ کیونکہ خدا چاہتا ہے کہ تمہاری ہستی پر پورا پورا انقلاب
آوے۔ اور وہ تم سے ایک موت مانگتا ہے جس کے بعد وہ تمہیں
زندہ کرے گا۔ تم آپس میں جلد صلح کرو۔ اور اپنے بھائیوں کے
گناہ بخشو کیونکہ شریر ہے وہ انسان کہ جو اپنے بھائی کے ساتھ
صلح پر راضی نہیں وہ کاٹا جائے گا۔ کیونکہ وہ تفرقہ ڈالتا ہے۔
تم اپنی نفسانیت ہر ایک پہلو سے چھوڑ دو۔ اور باہمی ناراضگی
جانے دو۔ اور سچے ہو کر جھوٹے کی طرح تذلّل کرو تا تم بخشے جاؤ
نفسانیت کی فربہی چھوڑ دو۔ کہ جس دروازے کے لئے تم بلائے

گئے ہو اس میں سے ایک فربہ انسان داخل نہیں ہوسکتا. کیا ہی
بدقسمت وہ شخص ہے جو ان باتوں کو نہیں مانتا جو خدا کے منہ سے
نکلیں۔ اور میں نے بیان کیں۔ تم اگر چاہتے ہو کہ آسمان پر تم سے
خدا راضی ہو تو تم باہم ایسے ایک ہو جاؤ جیسے ایک پیٹ میں سے
دو بھائی. تم میں سے زیادہ بزرگ وہی ہے جو زیادہ اپنے بھائی کے
گناہ بخشتا ہے۔ اور بدبخت ہے وہ جو ضد کرتا ہے۔ اور نہیں بخشتا
سو اس کا مجھ میں حصہ نہیں۔ خدا کی لعنت سے بہت خائف رہو کہ
وہ قدوس اور غیور ہے۔ بدکار خدا کا قرب حاصل نہیں کرسکتا متکبر
اس کا قرب حاصل نہیں کرسکتا۔ ظالم اس کا قرب حاصل نہیں کرسکتا
خائن اس کا قرب حاصل نہیں کرسکتا۔ اور ہر ایک جو اس کے نام
کے لئے غیرت مند نہیں اس کا قرب حاصل نہیں کرسکتا۔ وہ جو دنیا
پر کتوں یا چیونٹیوں یا گدوں کی طرح گرتے ہیں اور دنیا سے
آرام یافتہ ہیں۔ وہ اس کا قرب حاصل نہیں کرسکتے۔ ہر ایک ناپاک
آنکھ اس سے دور ہے۔ ہر ایک ناپاک دل اس سے بے خبر ہے
وہ جو اس کے لئے آگ میں ہے۔ وہ آگ سے نجات دیا جائے گا
وہ جو اس کیلئے روتا ہے۔ وہ ہنسے گا۔ وہ جو اس کے لئے دنیا سے
توڑتا ہے۔ وہ اس کو ملے گا۔ تم سچے دل سے اور پورے صدق
سے اور سرگرمی کے قدم سے خدا کے دوست بنو۔ تا وہ بھی تمہارا
دوست بن جائے۔ تم ماتحتوں پر اور اپنی بیویوں پر اور اپنے غریب
بھائیوں پر رحم کرو۔ تا آسمان پر تم پہ بھی رحم ہو۔ تم سچ مچ اس کے
ہو جاؤ۔ تا وہ بھی تمہارا ہو جاوے۔ دنیا ہزاروں بلاؤں کی جگہ ہے۔

جن میں سے ایک طاعون بھی ہے۔ سو تم خدا سے صدق کے ساتھ
پنجہ مارو تا وہ یہ بلائیں تم سے دور رکھے۔ کوئی آفت زمین پر پیدا
نہیں ہوتی جب تک آسمان سے حکم نہ ہو اور کوئی آفت دور نہیں
ہوتی۔ جب تک آسمان سے رحم نازل نہ ہو۔ سو تمہاری عقلمندی
اسی میں ہے کہ تم جڑ کو پکڑو نہ شاخ کو۔ تمہیں دوا اور تدبیر سے
ممانعت نہیں ہے۔ مگر ان پر بھروسہ کرنے سے ممانعت ہے۔ اور
آخر وہی ہوگا جو خدا کا ارادہ ہوگا۔ اگر کوئی طاقت رکھے تو توکل کا
مقام ہر ایک مقام سے بڑھکر ہے۔ اور تمہارے لئے ایک ضروری
تعلیم یہ ہے کہ قرآن شریف کو مہجور کی طرح نہ چھوڑ دو کہ تمہاری
اسی میں زندگی ہے۔ جو لوگ قرآن کو عزت دیں گے۔ وہ آسمان
پر عزت پائیں گے۔ جو لوگ ہر ایک حدیث اور ہر ایک قول پر
قرآن کو مقدم رکھیں گے۔ ان کو آسمان پر مقدم رکھا جائیگا۔ نوع
انسان کے لئے روئے زمین پر اب کوئی کتاب نہیں۔ مگر قرآن اور
تمام آدم زادوں کے لئے اب کوئی رسول اور شفیع نہیں۔ مگر
محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سو تم کوشش کرو کہ سچی محبت
اس جاہ و جلال کے نبی کے ساتھ رکھو اور اس کے غیر کو اس پر کسی
نوع کی بڑائی مت دو۔ تا آسمان پر تم نجات یافتہ لکھے جاؤ۔ اور یاد رکھو
کہ نجات وہ چیز نہیں جو مرنے کے بعد ظاہر ہوگی۔ بلکہ حقیقی نجات وہ ہی کہ
اسی دنیا میں اپنی روشنی دکھلاتی ہے۔ نجات یافتہ کون ہے؟ وہ جو
یقین رکھتا ہے۔ جو خدا سچ ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس میں اور تمام
مخلوق میں درمیانی شفیع ہے اور آسمان کے نیچے نہ اس کے ہم مرتبہ کوئی

اور رسول ہے۔ اور نہ قرآن کے ہم رتبہ کوئی اور کتاب ہے۔ اور کسی کے لئے خدا نے نہ چاہا۔ کہ وہ ہمیشہ زندہ رہے۔ مگر یہ برگزیدہ نبی ہمیشہ کے لئے زندہ ہے۔ اور اس کے ہمیشہ زندہ رہنے کیلئے خدا نے یہ بنیاد ڈالی ہے کہ اس کے افاضہ تشریعی اور روحانی کو قیامت تک جاری رکھا۔ اور آخر کار اس کی روحانی فیض رسانی سے اس مسیح موعود کو دنیا میں بھیجا جس کا آنا اسلامی عمارت کی تکمیل کے لئے ضروری تھا کیونکہ ضرور تھا کہ یہ دنیا ختم نہ ہو۔ جب تک کہ محمدی سلسلہ کے لئے ایک مسیح روحانی رنگ کا نہ دیا جاتا جیسا کہ موسوی سلسلہ کے لئے دیا گیا تھا۔ اسی کی طرف یہ آیت اشارہ کرتی ہے۔ کہ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ۔ موسیٰ نے وہ متاع پائے جس کو قرون اولیٰ کھو چکے تھے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ متاع پائے جس کو موسیٰ کا سلسلہ کھو چکا تھا۔ اب محمدی سلسلہ موسوی سلسلہ کے قائم مقام ہے۔ مگر شان میں ہزارہا درجہ بڑھکر۔ مثیل موسیٰ موسےٰ سے بڑھکر اور مثیل ابن مریم ابن مریم سے بڑھکر۔ اور وہ مسیح موعود نہ صرف مدت کے لحاظ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد چودہویں صدی میں ظاہر ہوا+۔ جیسا کہ مسیح ابن مریم موسےٰ کے بعد چودھویں صدی میں ظاہر ہوا تھا۔ بلکہ وہ ایسے وقت میں آیا جب کہ مسلمانوں کا وہی حال تھا جیسا کہ مسیح ابن مریم کے ظہور کے وقت یہودیوں کا حال تھا سو وہ میں ہی ہوں خدا جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ نادان ہے وہ جو اس سے لڑے اور جاہل ہے وہ جو

+ یہودی اپنی تاریخ کی رو سے بالاتفاق یہی مانتے ہیں کہ موسیٰ سے چودھویں صدی کے سر پر عیسیٰ ظاہر ہوا تھا۔ دیکھو یہودیوں کی تاریخ۔ منہ

اس کے مقابل پر یہ اعتراض کرے کہ یوں نہیں بلکہ یوں چاہیئے تھا۔ اور اس نے مجھے چمکتے ہوئے نشانوں کے ساتھ بھیجا ہے۔ جو دس ہزار سے بھی زیادہ ہیں۔ از آنجملہ ایک طاعون بھی نشان ہے۔ پس جو شخص مجھ سے سچی بیعت کرتا ہے۔ اور سچے دل سے میرا پیرو بنتا ہے اور میری اطاعت میں محو ہو کر اپنے تمام ارادوں کو چھوڑتا ہے۔ وہی ہے جو ان آفتوں کے دنوں میں میری روح اس کی شفاعت کرے گی۔ سو اے وے تمام لوگو! جو اپنے تئیں میری جماعت شمار کرتے ہو۔ آسمان پر تم اس وقت میری جماعت شمار کئے جاؤ گے جب سچ مچ تقوےٰ کی راہوں پر قدم مارو گے سو اپنی پنجوقت نمازوں کو ایسے خوف اور حضور سے ادا کرو کہ گویا تم خدا تعالیٰ کو دیکھتے ہو۔ اور اپنے روزوں کو خدا کے لئے صدق کے ساتھ پورے کرو۔ ہر ایک جو زکوٰۃ کے لایق ہے۔ وہ زکوٰۃ دے۔ اور جس پر حج فرض ہو چکا ہے اور کوئی مانع نہیں۔ وہ حج کرے۔ نیکی کو سنوار کر ادا کرو اور بدی کو بیزار ہو کر ترک کرو یقیناً یاد رکھو کہ کوئی عمل خدا تک نہیں پہنچ سکتا جو تقویٰ سے خالی ہے۔ ہر ایک نیکی کی جڑ تقویٰ ہے۔ جس عمل میں یہ جڑ ضائع نہیں ہوگی وہ عمل بھی ضائع نہیں ہوگا ضرور ہے کہ انواع رنج و مصیبت سے تمہارا امتحان بھی ہو جیسا کہ پہلے مومنوں کے امتحان ہوئے۔ سو خبردار رہو۔ ایسا نہ ہو کہ ٹھوکر کھاؤ زمین تمہارا کچھ بھی بگاڑ نہیں سکتی۔ اگر تمہارا آسمان سے پختہ تعلق ہے جب کبھی تم اپنا نقصان کرو گے۔ تو اپنے ہاتھوں سے نہ دشمن کے ہاتھوں سے۔ اگر تمہاری زمینی عزت ساری جاتی رہے تو خدا تمہیں ایک لازوال عزت آسمان پر دے گا۔ سو تم اس کو مت چھوڑو اور

ضرور ہے کہ تم دکھ دئے جاؤ۔ اور اپنی کئی امیدوں سے بے نصیب کئے جاؤ۔ سو ان صورتوں سے تم دلگیر مت ہو۔ کیونکہ تمہارا خدا تمہیں آزماتا ہے کہ تم اس کی راہ میں ثابت قدم ہو یا نہیں۔ اگر تم چاہتے ہو کہ آسمان پر فرشتے بھی تمہاری تعریف کریں۔ تو تم ماریں کھاؤ اور خوش رہو اور گالیاں سنو اور شکر کرو اور ناکامیاں دیکھو اور پیوند مت توڑو۔ تم خدا کی آخری جماعت ہو سو وہ عمل نیک دکھلاؤ جو اپنے کمال میں انتہائی درجہ پر ہو۔ ہر ایک جو تم میں سُست ہو جائیگا وہ ایک گندی چیز کی طرح جماعت سے باہر پھینک دیا جائیگا۔ اور حسرت سے مرے گا اور خدا کا کچھ نہ بگاڑ سکے گا۔ دیکھو میں بہت خوشی سے خبر دیتا ہوں کہ تمہارا خدا درحقیقت موجود ہے۔ اگرچہ سب اسی کی مخلوق ہے۔ لیکن وہ اس شخص کو چن لیتا ہے جو اس کو چنتا ہے۔ وہ اس کے پاس آجاتا ہے جو اس کے پاس جاتا ہے۔ جو اس کو عزت دیتا ہے وہ اس کو بھی عزت دیتا ہے۔

تم اپنے دلوں کو سیدھے کرکے اور زبانوں اور آنکھوں اور کانوں کو پاک کرکے اس کی طرف آجاؤ۔ کہ وہ تمہیں قبول کریگا عقیدہ کے رو سے جو خدا تم سے چاہتا ہے وہ یہی ہے کہ خدا ایک اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کا نبی ہے۔ اور وہ خاتم الانبیاء ہے۔ اور سب سے بڑھکر ہے۔ اب بعد اس کے کوئی نبی نہیں مگر وہی جس پر بروزی طور سے محمدیت کی چادر پہنائی گئی کیونکہ خادم اپنے مخدوم سے جدا نہیں اور نہ شاخ اپنی بیخ سے جدا ہے۔ پس جو کامل طور پر مخدوم میں فنا ہو کر خدا سے **نبی** کا لقب پاتا ہے وہ ختم نبوت کا خلل انداز نہیں۔

جیسا کہ تم جب آئینہ میں اپنی شکل دیکھو تو تم دو نہیں ہو سکتے۔ بلکہ ایک ہی ہو اگرچہ بظاہر دو نظر آتے ہیں۔ صرف ظل اور اصل کا فرق ہے۔ سو ایسا ہی خدا نے مسیح موعود میں چاہا۔ یہی **بھید** ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ مسیح موعود میری قبر میں دفن ہوگا۔ یعنی وہ **میں ہی ہوں** اور اس میں دورنگی نہیں آئی اور تم یقیناً سمجھو کہ **عیسیٰ بن مریم** فوت ہوگیا ہے۔ اور کشمیر سرینگر محلہ خانیار* میں اس کی قبر ہے۔ خدا تعالیٰ نے اپنی کتاب عزیز میں اس کے مرجانے کی خبر دی ہے۔ اور اگر اس آیت کے اور معنی ہیں تو عیسیٰ بن مریم کی موت کی قرآن میں کہاں خبر ہے۔ مرنے کے متعلق جو آیتیں ہیں اگر وہ اور معنی رکھتی ہیں جیسا کہ ہمارے مخالف سمجھتے ہیں۔ تو گویا قرآن نے اس کے مرنیکا کہیں ذکر نہیں کیا وہ کسی وقت مرے گا بھی خدا نے ہمارے نبی کے مرنے کی خبر دی مگر سارے قرآن میں عیسیٰ کے مرنے کی خبر نہ دی۔ اس میں کیا راز ہے اور اگر کہو کہ عیسےٰ کے مرنے کی اس آیت میں خبر ہے کہ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي كُنْتَ أَنْتَ الرَّقِيبَ عَلَيْهِمْ ⸭ سو یہ آیت تو صاف دلالت کرتی ہے کہ وہ عیسائیوں کے بگڑنے سے

---

* نوٹ۔ عیسائی محققوں نے اسی رائے کو ظاہر کیا ہے۔ دیکھو کتاب سوپر نیچرل ریلیجن صفحہ ۵۲۲ اگر تفصیل چاہتے ہو تو ہماری کتاب تحفہ گولڑویہ کا صفحہ ۱۳۹ دیکھ لو۔ منہ

⸭ اسی آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پھر دنیا میں نہیں آئیں گے۔ کیونکہ اگر وہ دنیا میں آنے والے ہوتے تو اس صورت میں یہ جواب حضرت عیسیٰ کا محض جھوٹ ٹھہرتا ہے۔ کہ مجھے عیسائیوں کے بگڑنے کی کچھ خبر نہیں۔ جو شخص دوبارہ دنیا میں آیا اور چالیس برس رہا اور کروڑہا عیسائیوں کو دیکھا جو اس کو خدا جانتے تھے اور صلیب توڑا اور تمام عیسائیوں کو مسلمان کیا وہ کیونکر قیامت کو جناب الٰہی میں یہ عذر کر سکتا ہے کہ مجھے عیسائیوں کے بگڑنے کی کچھ خبر نہیں۔ منہ

پہلے مر چکے ہیں۔ غرض اگر آیت فَلَمَّا تَوَفَّیْتَنِیْ کے یہ معنی ہیں کہ مع جسم زندہ عیسیٰ کو آسمان پر اٹھا لیا۔ تو کیوں خدا نے ایسے شخص کی موت کا سارے قرآن میں ذکر نہیں کیا جس کی زندگی کے خیال نے لاکھوں کو ہلاک کر دیا گویا خدا نے اس کو ہمیشہ کے لئے اس لئے زندہ رہنے دیا کہ تا لوگ مشرک اور بے دین ہو جائیں۔ اور گویا یہ لوگوں کی غلطی نہیں بلکہ خدا نے یہ سب کچھ خود کیا تا لوگوں کو گمراہ کرے خوب یاد رکھو کہ بجز موت مسیح صلیبی عقیدہ پر موت نہیں آسکتی سو اس سے فائدہ کیا کہ برخلاف تعلیم قرآن اس کو زندہ سمجھا جائے۔ اس کو مرنے دو۔ تا یہ دین زندہ ہو۔ خدا نے اپنے قول سے مسیح کی موت ظاہر کی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے معراج کی رات اس کو مردوں میں دیکھ لیا۔ اب بھی تم ماننے میں نہیں آتے یہ کیسا ایمان ہے کیا انسانوں کی روایتوں کو خدا کی کلام پر مقدم رکھتے ہو۔ یہ کیا دین ہے٭ اور ہمارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ صرف گواہی دی کہ میں نے مردہ روحوں میں عیسےٰ کو دیکھا بلکہ خود مر کر یہ بھی ظاہر

٭ نوٹ۔ قرآن شریف میں ایک آیت میں صریح کشمیر کی طرف اشارہ کیا ہے کہ مسیح اور اس کی والدہ صلیب کے واقعہ کے بعد کشمیر کی طرف چلے گئے۔ جیسا کہ فرماتا ہے۔ وَاٰوَیْنٰهُمَآ اِلٰی رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّمَعِیْنٍ یعنی ہم نے عیسیٰ اور اس کی والدہ کو ایک ایسے ٹیلہ پر جگہ دی جو آرام کی جگہ تھی اور پانی صاف یعنی چشموں کا پانی وہاں تھا سو اس میں خدا تعالیٰ نے کشمیر کا نقشہ کھینچ دیا ہے۔ اور اٰوی کا لفظ لغت عرب میں کسی مصیبت یا تکلیف سے پناہ دینے کے لئے آتا ہے۔ اور صلیب سے پہلے عیسیٰ اور اس کی والدہ پر کوئی زمانہ مصیبت کا نہیں گذرا جس سے پناہ دی جاتی۔ پس متعین ہوا کہ خدا تعالےٰ نے عیسیٰ اور اس کی والدہ کو واقعہ صلیب کے بعد اس ٹیلے پر پہونچایا تھا۔ منہ

کر دیا کہ اس سے پہلے کوئی زندہ نہیں رہا۔ پس ہمارے مخالف جیسا کہ قرآن کو چھوڑتے ہیں۔ ویسا ہی سنت کو بھی چھوڑتے ہیں۔ کیونکہ مرنا ہمارے نبی کی سنت ہے۔ اگر عیسیٰ زندہ تھا تو مرنے میں ہمارے رسول کی بے عزتی تھی۔ سو تم نہ اہل سنت ہو نہ اہل قرآن۔ جب تک عیسیٰ کی موت کے قائل نہ ہو اور میں حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کی شان کا منکر نہیں گو خدا نے مجھے خبر دی ہے کہ مسیح محمدی مسیح موسوی سے افضل ہے۔ لیکن تاہم میں مسیح ابن مریم کی بہت عزت کرتا ہوں۔ کیونکہ میں روحانیت کی رو سے اسلام میں خاتم الخلفاء ہوں۔ جیسا کہ مسیح ابن مریم اسرائیلی سلسلہ کیلئے خاتم الخلفاء تھا۔ موسیٰ کے سلسلہ میں ابن مریم مسیح موعود تھا۔ اور محمدی سلسلہ میں میں مسیح موعود ہوں۔ سو میں اس کی عزت کرتا ہوں جس کا ہمنام ہوں۔ اور مفسد اور مفتری ہے وہ شخص جو مجھے کہتا ہے کہ میں مسیح ابن مریم کی عزت نہیں کرتا۔ بلکہ مسیح تو مسیح میں تو اس کے چاروں بھائیوں کی بھی عزت کرتا ہوں٭٭ کیونکہ پانچوں ایک ہی ماں کے بیٹے ہیں۔ نہ صرف اسیقدر بلکہ میں تو حضرت مسیح کی دونوں حقیقی ہمشیروں کو بھی مقدسہ سمجھتا ہوں۔ کیونکہ یہ سب بزرگ مریم بتول کے پیٹ سے ہیں۔ اور مریم کی وہ شان ہے جس نے ایک مدت تک اپنے تئیں نکاح سے روکا۔ پھر بزرگان قوم کے نہایت اصرار سے بوجہ حمل کے نکاح کر لیا۔ گو لوگ اعتراض کرتے ہیں کہ برخلاف

٭٭ یسوع مسیح کے چار بھائی اور دو بہنیں تھیں۔ یہ سب یسوع کے حقیقی بھائی اور حقیقی بہنیں تھیں یعنی سب یوسف اور مریم کی اولاد تھی۔ چار بھائیوں کے نام یہ ہیں یہودا۔[۱] یعقوب۔[۲] شمعون۔[۳] یوزس۔[۴] اور دو بہنوں کے نام یہ تھے۔ آسیا۔[۱] لیدیا۔[۲] دیکھو کتاب پاسٹولک، ریکارڈس مصنفہ پادری جان الین گایلز مطبوعہ لندن ۱۸۸۶ء صفحہ ۱۵۹ و ۱۶۶۔ منہ

تعلیم توریت عین حمل میں کیونکر نکاح کیا گیا۔ اور بتول ہونے کے عہد کو کیوں ناحق توڑا گیا۔ اور تعددِ ازواج کی کیوں بنیاد ڈالی گئی۔ یعنی باوجود یوسف نجار کی پہلی بیوی کے ہونے کے پھر مریم کیوں راضی ہوئی کہ یوسف نجار کے نکاح میں آوے۔ مگر میں کہتا ہوں کہ یہ سب مجبوریاں تھیں جو پیش آگئیں اس صورت میں وہ لوگ قابل رحم تھے نہ قابل اعتراض۔

ان سب باتوں کے بعد پھر میں کہتا ہوں کہ یہ مت خیال کرو کہ ہم نے ظاہری طور پر بیعت کرلی ہے۔ ظاہر کچھ چیز نہیں۔ خدا تمہارے دلوں کو دیکھتا ہے۔ اور اسی کے موافق تم سے معاملہ کریگا۔ دیکھو میں یہ کہکر فرض تبلیغ سے سبکدوش ہوتا ہوں کہ گناہ ایک زہر ہے اس کو مت کھاؤ۔ خدا کی نافرمانی ایک گندی موت ہے اس سے بچو دعا کرو تا تمہیں طاقت ملے جو شخص دعا کے وقت خدا کو ہر ایک بات پر قادر نہیں سمجھتا بجز وعدہ کی مستثنیات کے وہ میری جماعت میں سے نہیں جو شخص جھوٹ اور فریب کو نہیں چھوڑتا وہ میری جماعت میں سے نہیں۔ جو شخص دنیا کے لالچ میں پھنسا ہوا ہے اور آخرت کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھتا وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے۔ جو شخص درحقیقت دین کو دنیا پر مقدم نہیں رکھتا وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے۔ جو شخص پورے طور پر ہر ایک بدی سے اور ہر ایک بدعملی سے یعنی شراب سے قماربازی سے بدنظری سے اور خیانت سے رشوت سے اور ہر ایک ناجائز تصرف سے توبہ نہیں کرتا وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے۔ جو شخص پنجگانہ نماز کا التزام نہیں کرتا وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے۔ جو شخص دعا میں لگا نہیں رہتا اور انکسار سے خدا کو یاد نہیں کرتا وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے۔ جو شخص بدرفیق کو نہیں

چھوڑتا جو اس پر بد اثر ڈالتا ہے وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے۔ جو شخص اپنے ماں باپ کی عزت نہیں کرتا اور امور معروفہ میں جو خلاف قرآن نہیں ہیں ان کی بات کو نہیں مانتا اور ان کی تعہد خدمت سے لاپرواہ ہے وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے۔ جو شخص اپنی اہلیہ اور اس کے اقارب سے نرمی اور احسان کے ساتھ معاشرت نہیں کرتا وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے۔ جو شخص اپنے ہمسایہ کو ادنیٰ ادنیٰ خیر سے بھی محروم رکھتا ہے وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے جو شخص نہیں چاہتا کہ اپنے قصوروار کا گنہ بخشے اور کینہ پرور آدمی ہے وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے ہر ایک مرد جو بیوی سے یا بیوی خاوند سے خیانت سے پیش آتی ہے وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے۔ جو شخص اس عہد کو جو اس نے بیعت کے وقت کیا تھا کسی پہلو سے توڑتا ہے وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے۔ جو شخص مجھے فی الواقع مسیح موعود و مہدی معہود نہیں سمجھتا وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے۔ اور جو شخص امور معروفہ میں میری اطاعت کرنے کے لئے تیار نہیں ہے وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے۔ اور جو شخص مخالفوں کی جماعت میں بیٹھتا ہے۔ اور ہاں میں ہاں ملاتا ہے وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے۔ ہر ایک زانی۔ فاسق۔ شرابی۔ خونی۔ چور۔ قمارباز۔ خائن۔ مرتشی غاصب ظالم دروغگو۔ جعلساز اور ان کا ہمنشین اور اپنے بھائیوں اور بہنوں پر تہمتیں لگانے والا جو اپنے افعال شنیعہ سے توبہ نہیں کرتا اور خراب مجلسوں کو نہیں چھوڑتا۔ وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے۔ یہ سب زہریں ہیں تم ان زہروں کو کھا کر کسی طرح بچ نہیں سکتے اور تاریکی اور روشنی ایک جگہ جمع نہیں ہوسکتی۔ ہر ایک جو پیچ در پیچ

طبیعت رکھتا ہے اور خدا کے ساتھ صاف نہیں ہے۔ وہ اس برکت کو
ہرگز نہیں پا سکتا جو صاف دلوں کو ملتی ہے کیا ہی خوش قسمت وہ لوگ
ہیں جو اپنے دلوں کو صاف کرتے ہیں۔ اور اپنے دلوں کو ہر ایک آلودگی
سے پاک کر لیتے ہیں۔ اور اپنے خدا سے وفاداری کا عہد باندھتے ہیں
کیونکہ وہ ہرگز ضائع نہیں کئے جائیں گے ممکن نہیں کہ خدا ان کو رسوا کرے
کیونکہ وہ خدا کے ہیں اور خدا ان کا۔ وہ ہر ایک بلا کے وقت بچائے جائینگے
احمق ہے وہ دشمن جو ان کا قصد کرے۔ کیونکہ وہ خدا کی گود میں ہیں۔ اور
خدا ان کی حمایت میں۔ کون خدا پر ایمان لایا؟ صرف وہی جو ایسے ہیں
ایسا ہی وہ شخص بھی احمق ہے جو ایک بیباک گنہ گار اور بدباطن اور شریر
النفس کے فکر میں ہے۔ کیونکہ وہ خود ہلاک ہوگا۔ جب سے خدا نے آسمان
اور زمین کو بنایا کبھی ایسا اتفاق نہ ہوا کہ اس نے نیکوں کو تباہ اور ہلاک
اور نیست و نابود کر دیا ہو۔ بلکہ وہ ان کے لئے بڑے بڑے کام دکھلاتا
رہا ہے۔ اور اب بھی دکھلائے گا۔ وہ خدا نہایت وفادار خدا ہے اور
وفاداروں کے لئے اس کے عجیب کام ظاہر ہوتے ہیں۔ دنیا چاہتی ہے
کہ ان کو کھا جائے۔ اور ہر ایک دشمن ان پر دانت پیستا ہے۔ مگر وہ جو
ان کا دوست ہے ہر ایک ہلاکت کی جگہ سے ان کو بچاتا ہے۔ اور ہر
ایک میدان میں ان کو فتح بخشتا ہے۔ کیا ہی نیک طالع وہ شخص ہے
جو اس خدا کا دامن نہ چھوڑے ہم اس پر ایمان لائے۔ ہم نے
اس کو شناخت کیا۔ تمام دنیا کا وہی خدا ہے جس نے میرے پر وحی
نازل کی۔ جس نے میرے لئے زبردست نشان دکھلائے جس نے
مجھے اس زمانہ کے لئے مسیح موعود کر کے بھیجا اس کے سوا کوئی خدا نہیں

نہ آسمان میں نہ زمین میں۔ جو شخص اس پر ایمان نہیں لاتا وہ سعادت سے
محروم اور خذلان میں گرفتار ہے۔ ہم نے اپنے خدا کی آفتاب کی طرح
روشن وحی پائی ہم نے اُسے دیکھ لیا کہ دنیا کا وہی خدا ہے اس کے سوا
کوئی نہیں۔ کیا ہی قادر اور قیوم خدا ہے جس کو ہم نے پایا۔ کیا ہی زبردست
قدرتوں کا مالک ہے جس کو ہم نے دیکھا۔ سچ تو یہ ہے کہ اس کے
آگے کوئی بات انہونی نہیں مگر وہی جو اس کی کتاب اور وعدہ کے
برخلاف ہے سو جب تم دعا کرو تو ان جاہل نیچریوں کی طرح نہ کرو جو اپنے
ہی خیال سے ایک قانون قدرت بنا بیٹھے ہیں جس پر خدا کی کتاب کی
مہر نہیں۔ کیونکہ وہ مردود ہیں ان کی دعائیں ہرگز قبول نہیں ہوں گی
وہ اندھے ہیں۔ نہ سوجاکھے۔ وہ مردے ہیں نہ زندے خدا کے سامنے
اپنا تراشیدہ قانون پیش کرتے ہیں۔ وہ اس کی بے انتہا قدرتوں کی
حد بست ٹھہراتے ہیں۔ اور اس کو کمزور سمجھتے ہیں سو ان سے ایسا ہی
معاملہ کیا جائے گا جیسا کہ ان کی حالت ہے۔ لیکن جب تو دعا کے لئے
کھڑا ہو تو تجھے لازم ہے کہ یہ یقین رکھے کہ تیرا خدا ہر ایک چیز پر
قادر ہے تب تیری دعا منظور ہوگی۔ اور تو خدا کی قدرت کے
عجائبات دیکھے گا جو ہم نے دیکھے ہیں۔ اور ہماری گواہی
رویت سے ہے نہ بطور قصہ کے اس شخص کی دعا کیونکر منظور
ہو اور خود کیونکر اس کو بڑی مشکلات کے وقت جو اس کے نزدیک
قانون قدرت کے مخالف ہیں۔ دعا کرنے کا حوصلہ پڑے۔ جو خدا
کو ہر ایک چیز پر قادر نہیں سمجھتا۔ مگر اے سعید انسان تو ایسا مت کر
تیرا خدا وہ ہے جس نے بے شمار ستاروں کو بغیر ستون کے لٹکا دیا اور

جس نے زمین و آسمان کو محض عدم سے پیدا کیا۔ کیا تو اُس پر بدظنی رکھتا ہے کہ وہ تیرے کام میں عاجز آجائیگا٭ بلکہ تیری ہی بدظنی تجھے محروم رکھے گی۔ ہمارے خدا میں بیشمار عجائبات ہیں۔ مگر وہی دیکھتے ہیں جو صدق اور وفا سے اس کے ہو گئے ہیں۔ وہ غیروں پر جو اس کی قدرتوں پر یقین نہیں رکھتے اور اس کے صادق وفادار نہیں ہیں۔ وہ عجائبات ظاہر نہیں کرتا۔ کیا بدبخت وہ انسان ہے جس کو اب تک یہ پتہ نہیں کہ اس کا ایک خدا ہے جو ہر ایک چیز پر قادر ہے۔ ہمارا بہشت ہمارا خدا ہے۔ ہماری اعلیٰ لذات ہمارے خدا میں ہیں۔ کیونکہ ہم نے اس کو دیکھا۔ اور ہر ایک خوبصورتی اس میں پائی۔ یہ دولت لینے کے لایق ہے۔ اگرچہ جان دینے سے ملے اور یہ لعل خریدنے کے لایق ہے اگرچہ تمام وجود کھونے سے حاصل ہو۔ اے محرومو! اس چشمہ کی طرف دوڑو کہ وہ تمہیں سیراب کریگا یہ زندگی کا چشمہ ہے جو تمہیں بچائیگا میں کیا کروں اور کس طرح اس خوشخبری کو دلوں میں بٹھا دوں۔ کس دف سے میں بازاروں میں منادی کروں کہ تمہارا یہ خدا ہے تا لوگ سن لیں اور کس دوا سے میں علاج کروں تا سننے کے لیے لوگوں کے کان کھلیں۔

٭ خدا کسی کام میں عاجز نہیں آتا۔ ہاں خدا کی کتاب نے دعا کے بارہ میں یہ قانون پیش کیا ہے کہ وہ نہایت رحم سے نیک انسان کیساتھ دوستوں کی طرح معاملہ کرتا ہے یعنی کبھی تو اپنی مرضی کو چھوڑ کر اس کی دعا سنتا ہے جیسا کہ خود فرمایا۔ ادعونی استجب لکم اور کبھی کبھی اپنی مرضی ہی منوانا چاہتا ہے جیسا کہ فرمایا ولنبلونکم بشیٍٔ من الخوف والجوع ایسا اس لئے کیا کہ تا کبھی انسان کی دعا کے موافق اس سے معاملہ کرکے یقین اور معرفت میں اسکو ترقی دے اور کبھی اپنی مرضی کے موافق کرکے اپنی رضا کی اس کو خلعت بخشے اور اس کا مرتبہ بڑھا دے۔ اور اس سے محبت کرکے ہدایت کی راہوں میں اس کو ترقی دیوے۔ منہ

اگر تم خدا کے ہو جاؤ گے تو یقیناً سمجھو کہ خدا تمہارا ہی ہے۔ تم سوئے ہوئے ہو گے۔ اور خدا تعالیٰ تمہارے لئے جاگے گا۔ تم دشمن سے غافل ہو گے۔ اور خدا اسے دیکھیگا۔ اور اس کے منصوبے کو توڑیگا۔ تم ابھی تک نہیں جانتے کہ تمہارے خدا میں کیا کیا قدرتیں ہیں۔ اور اگر تم جانتے تو تم پر کوئی ایسا دن نہ آتا کہ تم دنیا کیلئے سخت غمگین ہو جاتے ایک شخص جو ایک خزانہ اپنے پاس رکھتا ہے۔ کیا وہ ایک پیسہ کے ضائع ہونے سے روتا ہے اور چیخیں مارتا ہے اور ہلاک ہونے لگتا ہے پھر اگر تمکو اس خزانہ کی اطلاع ہوتی کہ خدا تمہارا ہر ایک حاجت کے وقت کام آنیوالا ہے۔ تو تم دنیا کیلئے ایسے بیخود کیوں ہوتے خدا ایک پیارا خزانہ ہے اسکی قدر کرو کہ وہ تمہارے ہر ایک قدم میں تمہارا مددگار ہے۔ تم بغیر اس کے کچھ بھی نہیں اور نہ تمہارے اسباب اور تدبیریں کچھ چیز ہیں۔ غیر قوموں کی تقلید نہ کرو کہ جو کلی اسباب پر گر گئی ہیں۔ اور جیسے سانپ مٹی کھاتا ہے۔ انہوں نے سفلی اسباب کی مٹی کھائی اور جیسے گدھ اور کتے مردار کھاتے ہیں انہوں نے مردار پر دانت مارے وہ خدا سے بہت دور جا پڑے انسانوں کی پرستش کی اور خنزیر کھایا اور شراب کو پانی کی طرح استعمال کیا۔ اور حد سے زیادہ اسباب پر گرنے سے اور خدا سے قوت نہ مانگنے سے وہ مر گئے اور آسمانی روح ان میں سے ایسی نکل گئی جیسا کہ ایک گھونسلے سے کبوتر پرواز کر جاتا ہے۔ ان کے اندر دنیا پرستی کا جذام ہے جس نے ان کے تمام اندرونی اعضا کاٹ دئے ہیں۔ پس تم اس جذام سے ڈرو۔ میں تمہیں حد اعتدال تک رعایت اسباب سے منع نہیں کرتا بلکہ اس سے منع کرتا ہوں کہ تم غیر قوموں کی طرح نرے اسباب کے بندے ہو جاؤ۔ اور اس خدا کو فراموش کردو جو اسباب کو بھی وہی مہیا کرتا ہے۔ اگر تمہیں آنکھ ہو تو تمہیں نظر آجائے کہ خدا ہی خدا ہے۔ اور سب ہیچ ہے۔ تم نہ ہاتھ لمبا کر سکتے ہو۔ اور نہ اکٹھا کر سکتے ہو۔ مگر اس کے اذن سے ایک مردہ اس پر ہنسی کریگا۔ مگر کاش اگر وہ مر جاتا تو اس ہنسی سے اس کیلئے بہتر تھا خبردار!!! تم غیر قوموں کو دیکھکر ان کی ریس مت کرو۔ کہ انہوں نے دنیا کے منصوبوں

میں بہت ترقی کرلی ہے۔ آؤ ہم بھی انہیں کے قدم پر چلیں۔ سنو اور سمجھو کہ وہ اس خدا سے
سخت بیگانہ اور غافل ہیں جو تمہیں اپنی طرف بلاتا ہے۔ ان کا خدا کیا چیز ہے۔ صرف
ایک عاجز انسان اس لئے وہ غفلت میں چھوڑے گئے ہیں۔ میں تمہیں دنیا کے کسب اور
حرفت سے نہیں روکتا۔ مگر تم ان لوگوں کے پیرو مت بنو جنھوں نے سب کچھ دنیا
کو ہی سمجھ رکھا ہے۔ چاہیئے کہ تمہارے ہر ایک کام میں خواہ دنیا کا ہو خواہ دین کا
خدا سے طاقت اور توفیق مانگنے کا سلسلہ جاری رہے۔ لیکن نہ صرف خشک ہونٹوں سے
بلکہ چاہیئے کہ تمہارا سچ مچ یہ عقیدہ ہو کہ ہر ایک برکت آسمان سے ہی اترتی ہے۔ تم راستباز
اس وقت بنو گے جب کہ تم ایسے ہو جاؤ کہ ہر ایک کام کے وقت ہر ایک مشکل کے وقت
قبل اس کے جو تم کوئی تدبیر کرو۔ اپنا دروازہ بند کرو۔ اور خدا کے آستانہ پر گرو۔
کہ ہمیں یہ مشکل پیش ہے اپنے فضل سے مشکلکشائی فرما تب روح القدس تمہاری
مدد کریگی۔ اور غیب سے کوئی راہ تمہارے لئے کھولی جائیگی۔ اپنی جانوں پر رحم کرو۔ اور
جو لوگ خدا سے بکلی علاقہ توڑ چکے ہیں۔ اور ہمہ تن اسباب پر گر گئے ہیں۔ یہانتک کہ
طاقت مانگنے کیلئے وہ موہنہ سے انشاء اللہ بھی نہیں نکالتے۔ ان کے پیرو مت
بنجاؤ۔ خدا تمہاری آنکھیں کھولے تا تمہیں معلوم ہو کہ تمہارا خدا تمہاری تمام تدابیر کا
شہتیر ہے۔ اگر شہتیر گر جائے تو کیا کڑیاں اپنی چھت پر قائم رہ سکتی ہیں۔ نہیں بلکہ
یکدفعہ گرینگی۔ اور احتمال ہے کہ ان سے کئی خون بھی ہو جائیں۔ اسی طرح تمہاری
تدابیر بغیر خدا کی مدد کے قائم نہیں رہ سکتیں۔ اگر تم اس سے مدد نہیں مانگو گے اور
اس سے طاقت مانگنا اپنا اصول نہیں ٹھہراؤ گے۔ تو تمہیں کوئی کامیابی حاصل نہیں
ہوگی۔ آخر بڑی حسرت سے مرو گے۔ یہ مت خیال کرو کہ پھر دوسری قومیں کیونکر
کامیاب ہو رہی ہیں۔ حالانکہ وہ اُس خدا کو جانتی بھی نہیں جو تمہارا کامل اور قادر
خدا ہے۔ اس کا جواب یہی ہے کہ وہ خدا کو چھوڑنے کی وجہ سے دنیا کے امتحان میں ڈالی

گئی ہیں۔ خدا کا امتحان کبھی اس رنگ میں ہوتا ہے کہ جو شخص اسے چھوڑتا ہے اور
دنیا کی مستیوں اور لذتوں سے دل لگاتا ہے۔ اور دنیا کی دولتوں کا خواہشمند ہوتا ہے
تو دنیا کے دروازے اس پر کھولے جاتے ہیں۔ اور دین کے رو سے وہ نرا مفلس اور
ننگا ہوتا ہے۔ اور آخر دنیا کے خیالات میں ہی مرتا اور ابدی جہنم میں ڈالا جاتا ہے۔ اور
کبھی اس رنگ میں بھی امتحان ہوتا ہے کہ دنیا سے بھی نامراد رکھا جاتا ہے مگر یہ دوسرا
امتحان ایسا خطرناک نہیں جیسا کہ پہلا کیونکہ پہلے امتحان والا زیادہ مغرور ہوتا ہے
بہرحال یہ دونوں فریق مغضوب علیہم ہیں۔ سچی خوشحالی کا سرچشمہ خدا ہے۔ پس جبکہ
اس حیّ و قیوم خدا سے یہ لوگ بے خبر ہیں۔ بلکہ لاپروا ہیں۔ اور اس سے منہ پھیر
رہے ہیں۔ تو سچی خوشحالی ان کو کہاں نصیب ہو سکتی ہے۔ مبارک وہ انسان
کو جو اس راز کو سمجھ لے اور ہلاک ہو گیا وہ شخص جس نے اس راز کو نہیں سمجھا۔
اسی طرح تمہیں چاہیئے کہ اس دنیا کے فلسفیوں کی پیروی مت کرو۔ اور ان کو عزت
کی نگہ سے مت دیکھو۔ کہ یہ سب نادانیاں ہیں۔ سچا فلسفہ وہ ہے جو خدا نے تمہیں
اپنی کلام میں سکھلایا ہے۔ ہلاک ہو گئے وہ لوگ جو اس دنیوی فلسفہ کے عاشق ہیں
اور کامیاب ہیں وہ لوگ جنہوں نے سچے علم اور فلسفہ کو خدا کی کتاب میں ڈھونڈا۔
نادانی کی راہیں کیوں اختیار کرتے ہو کیا تم خدا کو وہ باتیں سکھلاؤ گے۔ جو اسے معلوم
نہیں۔ کیا تم اندھوں کے پیچھے دوڑتے ہو کہ وہ تمہیں راہ دکھلاویں۔ اے نادانو!
وہ جو خود اندھا ہے۔ وہ تمہیں کیا راہ دکھائیگا۔ بلکہ سچا فلسفہ روح القدس سے
حاصل ہوتا ہے جس کا تمہیں وعدہ دیا گیا ہے۔ تم روح کے وسیلہ سے ان پاک
علوم تک پہنچائے جاؤ گے۔ جن تک غیروں کی رسائی نہیں اگر صدق سے مانگو تو
آخر تم اسے پاؤ گے۔ تب سمجھو گے کہ یہی علم ہے۔ جو دل کو تازگی اور زندگی بخشتا ہے
اور یقین کے مینار تک پہنچا دیتا ہے۔ وہ جو خود مردار خوار ہے وہ کہاں سے

تمہارے لئے پاک غذا لائیگا۔ وہ جو خود اندھا ہے۔ وہ کیونکر تمہیں دکھائے گا
ہر ایک پاک حکمت آسمان سے آتی ہے۔ پس تم زمینی لوگوں سے کیا ڈھونڈتے ہو
جن کی روحیں آسمان کی طرف جاتی ہیں وہی حکمت کے وارث ہیں۔ جن کو خود تسلی نہیں
وہ کیونکر تمہیں تسلی دے سکتے ہیں۔ مگر پہلے دلی پاکیزگی ضروری ہے۔ پہلے صدق و
صفا ضروری ہے۔ پھر بعد اس کے یہ سب کچھ تمہیں ملے گا۔ یہ خیال مت کرو کہ خدا کی
وحی آگے نہیں بلکہ پیچھے رہ گئی ہے۔* اور روح القدس اب اتر نہیں سکتا بلکہ پہلے
زمانوں میں ہی اتر چکا۔ اور میں تمہیں سچ سچ کہتا ہوں کہ ہر ایک دروازہ بند
ہو جاتا ہے۔ مگر روح القدس کے اترنے کا کبھی دروازہ بند نہیں ہوتا۔ تم اپنے
دلوں کے دروازے کھول دو۔ تا وہ ان میں داخل ہو۔ تم اس آفتاب سے خود اپنے تئیں
دور ڈالتے ہو جبکہ اُس شعاع کے داخل ہونے کی کھڑکی کو بند کرتے ہو۔ اے نادان
اٹھ اور اُس کھڑکی کو کھول دے تب آفتاب خود بخود تیرے اندر داخل ہو جائیگا۔
جب کہ خدا نے دنیا کے فیضوں کی راہیں اس زمانہ میں تم پر بند نہیں کیں۔ بلکہ
زیادہ کیں۔ تو کیا تمہارا ظن ہے کہ آسمان کے فیوض کی راہیں جن کی اس وقت
تمہیں بہت ضرورت تھی۔ وہ تم پر اس نے بند کر دی ہیں۔ ہرگز نہیں بلکہ بہت
صفائی سے وہ دروازہ کھولا گیا ہے۔ اب جبکہ خدا نے اپنی تعلیم کے موافق جو
سورۂ فاتحہ میں سکھلائی گئی گذشتہ تمام نعمتوں کا تم پر دروازہ کھول دیا ہے
تو تم کیوں ان کے لینے سے انکار کرتے ہو۔ اس چشمہ کے پیاسے بنو۔ کہ پانی خود بخود
آجائے گا۔ اس دودھ کے لئے تم بچے کی طرح رونا شروع کرو کہ دودھ پستان سے
خود بخود اتر آئیگا۔ رحم کے لائق بنو تا تم پر رحم کیا جائے۔ اضطراب دکھلاؤ

* قرآن شریف پر شریعت ختم ہو گئی۔ مگر وحی ختم نہیں ہوئی۔ کیونکہ وہ سچے دین کی جان ہے جس دین
میں وحی الٰہی کا سلسلہ جاری نہیں وہ دین مردہ ہے۔ اور خدا اس کے ساتھ نہیں۔ منہ

تا تسلی پاؤ۔ بار بار چلاؤ تا ایک ہاتھ تمہیں پکڑ لے۔ کیا ہی دشوار گذار وہ
راہ ہے جو خدا کی راہ ہے۔ یہ ان کے لئے آسان کی جاتی ہے جو مرنے کی نیت سے
اس اتھاہ گڑھے میں پڑتے ہیں۔ وہ اپنے دلوں میں فیصلہ کر لیتے ہیں کہ ہمیں
آگ منظور ہے ہم اس میں اپنے محبوب کیلئے جلیں گے۔ پھر وہ آگ میں اپنے
تئیں ڈال دیتے ہیں۔ پس کیا دیکھتے ہیں کہ وہ بہشت ہے۔ یہی ہے جو خدا
نے فرمایا۔ وَاِنْ مِّنْکُمْ اِلَّا وَارِدُھَا کَانَ عَلٰی رَبِّکَ حَتْمًا مَّقْضِیًّا الخ
یعنی اے بُرو اور اے نیکو تم میں سے کوئی بھی نہیں جو جہنم کی آگ پر گذر نہ کرے
مگر وہ جو خدا کے لئے اس آگ میں پڑتے ہیں وہ نجات دئے جائیں گے۔ لیکن
وہ جو اپنے نفس امارہ کے لئے آگ پر چلتا ہے وہ آگ اسے کھا جائیگی۔
پس مبارک وہ جو خدا کے لئے اپنے نفس سے جنگ کرتے ہیں۔ اور بدبخت
وہ جو اپنے نفس کے لئے خدا سے جنگ کر رہے ہیں۔ اور اس سے موافقت
نہیں کرتے۔ جو شخص اپنے نفس کے لئے خدا کے حکم کو ٹالتا ہے۔ وہ آسمان میں
ہرگز داخل نہیں ہو گا۔ سو تم کوشش کرو جو ایک نقطہ یا ایک شعشہ قرآن
شریف کا بھی تم پر گواہی نہ دے۔ تا تم اسی کے لئے پکڑے نہ جاؤ کیونکہ
ایک ذرہ بدی کا بھی قابل پاداش ہے۔ وقت تھوڑا ہے اور کار عمر
ناپیدا۔ تیز قدم اٹھاؤ۔ جو شام نزدیک ہے۔ جو کچھ پیش کرنا ہے وہ
بار بار دیکھ لو۔ ایسا نہ ہو کہ کچھ رہ جائے اور زیاں کاری کا موجب ہو۔
یا سب گندی اور کھوٹی متاع ہو۔ جو شاہی دربار میں پیش کرنے کے
لائق نہ ہو*